© rasailojaraid.com



سے کے بعد لائق سیاح کے دل ودماغ پر طاری ہوتے علاوہ بریں ان ملکوں کے چند نامور علما اور ارباب اثر ورسوخ حضرات کا تذکرہ بھی ضمناً آگیا ہے۔ کتاب دلچسپ لائق مطالعہ اور مفید ہے۔

(۱) فقہ نظامی تقطیع خورد ضخامت ۱۱۲ صفحات۔
(۲) عربی اردو نظامی قاعدہ جدید حصہ اول و دوم مکمل ضخامت ۸۰ صفحات
(۳) سیرت محبوب رب العلمین ضخامت ۸۰ صفحات

از جناب مولانا ابو بکر خطیب ڈربنی قیمت کسی ایک کی بھی درج نہیں پتہ:۔ مدرسہ حاجی احمد بن محمد لوکھات مرحوم ڈربن نٹال (جنوبی افریقہ)

پہلے رسالہ میں نماز۔ روزہ۔ زکوٰۃ اور حج اور ان سے متعلقہ امور کے احکام ومسائل عام فہم اور سادہ زبان میں بصورت سوال وجواب بیان کئے گئے ہیں دوسرے رسالہ میں ایک نئے طریقہ پر بچوں اور بچیوں کے لئے قاعدہ اس طرح پر لکھا گیا ہے کہ اس کو پڑھ لینے کے بعد بچہ کو عربی حروف کے ساتھ ساتھ اردو حروف پڑھ لینا بھی آسان ہو جاتا ہے اس میں تین فصلیں اور ۳۹ اسباق ہیں جن میں حروف کی شکلیں اور قواعد بیان کئے گئے ہیں اور فصل سوم میں دینیات کے مسائل کا بیان ہے تیسرا رسالہ جیسا کہ نام سے ظاہر ہے آسان اردو میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت میں بصورت سوال وجواب لکھا گیا ہے تینوں رسالے اس لائق ہیں کہ بچوں اور بچیوں کے مکاتب کے نصاب میں ان کو شامل کیا جائے۔ ان سے خاطر خواہ فائدہ ہوگا!

اخلاقی کہانیاں حصہ اول و دوم ہر ایک کی ضخامت ۳۲ صفحات۔
اخلاقی کہانیاں حصہ چہارم ضخامت ۴۸ صفحات۔

مرتبہ جناب افضل حسین صاحب ایم۔ اے بی۔ ٹی تقطیع خورد کتابت وطباعت بہتر اور دیدہ زیب حصہ اول و دوم کی قیمت ۳/ اور حصہ چہارم کی ۵/ پتہ:۔ مکتبہ جماعت اسلامی ہند دہلی (اردو بازار دہلی)



© rasailojaraid.com